صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

مباحثات

بروز جمعرات مورخہ 10 ستمبر 2015ء

(بمطابق 25 ذیقعدہ 1436ء ہجری)

جلد 15 | شمارہ 61

سرکاری رپورٹ

مندرجات | صفحہ نمبر

مندرجات	صفحہ نمبر
1۔ تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ	2606
2۔ اراکین کی رخصت	2607
3۔ مسئلہ استحقاق	2607
4۔۔ قرار دادیں	2608
5۔ غیر سرکاری مسودہ قانون (دوسری ترمیم) بابت خیبر پختونخوا معلومات تک رسائی کا زیر غور لایا جانا	2610
6۔ غیر سرکاری مسودہ قانون (دوسری ترمیم) بابت خیبر پختونخوا معلومات تک رسائی کا پاس کیا جانا	2615
7۔ صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کے قواعد، انضباط وطریقہ کار مجریہ 1988 میں ترامیم کا مسودہ ایوان میں متعارف کرانے کیلئے اجازت کا طلب کیا جانا	2616

8۔اسمبلی کے قواعد،انضباط وطریقہ کار مجریہ 1988 میں ترامیم کا مسودہ مجلس قائمہ برائے
صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کے قواعد،انضباط وطریقہ کار،استحقاقات وحکومتی یقین دہانیاں،
کے سپرد کیا جانا 2616
9۔ذاتی وضاحت 2618

صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 10 ستمبر 2015ء بمطابق 25 ذیقعدہ1436ہجری بعداز دوپہر تین بجکر چالیس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر،اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطَٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمَٰنِ الرَّحِیمِ۔

وَلَا تَكُونُواْ كَٱلَّذِينَ تَفَرَّقُواْ وَٱخْتَلَفُواْ مِنۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ ٱلْبَيِّنَٰتُ ۚ وَأُوْلَٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝ يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوهٌ وَتَسْوَدُّ وُجُوهٌ ۚ فَأَمَّا ٱلَّذِينَ ٱسْوَدَّتْ وُجُوهُهُمْ أَكَفَرْتُم بَعْدَ إِيمَٰنِكُمْ فَذُوقُواْ ٱلْعَذَابَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ ۝ وَأَمَّا ٱلَّذِينَ ٱبْيَضَّتْ وُجُوهُهُمْ فَفِى رَحْمَةِ ٱللَّهِ ۖ هُمْ فِيهَا خَٰلِدُونَ۔

(ترجمہ): اور ان لوگوں کی طرح نہ ہونا جو متفرق ہو گئے اور احکام بین آنے کے بعد ایک دوسرے سے (خلاف و) اختلاف کرنے لگے یہ وہ لوگ ہیں جن کو قیامت کے دن بڑا عذاب ہوگا۔ جس دن بہت سے منہ سفید ہوں گے اور بہت سے منہ سیاہ تو جن لوگوں کے منہ سیاہ ہوں گے (ان سے خدا فرمائے گا) کیا تم ایمان لاکر کافر ہو گئے تھے؟ سو (اب) اس کفر کے بدلے عذاب (کے مزے) چکھو۔ اور جن لوگوں کے منہ سفید ہوں گے وہ خدا کی رحمت (کے باغوں) میں ہوں گے اور ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ و آخِرُ الدَعوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: اچھا، یہ چھٹی کی، یہ چھٹی کی کچھ درخواستیں ہیں۔۔۔۔۔

جناب بخت بیدار: سپیکر صاحب! زما یو پوائنٹ آف آرڈر دے۔

جناب سپیکر: وہ میں آپ کو موقع دوں گا، میں آپ کو خود بتادوں گا ان شاء اللہ، میں آپ کو خود بتادوں گا۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: یہ کچھ چھٹی کی درخواستیں ہیں: محترمہ ڈاکٹر مہر تاج روغانی، 10-09-2015 و 11-09-2015؛ جناب صالح محمد صاحب، ایم پی اے 10-09-2015؛ جناب احمد خان بہادر، 10-09-2015 و 11-09-2015؛ جناب زاہد خان درانی، 10-09-2015؛ جناب فضل حکیم صاحب، 10-09-2015؛ جناب عزیز اللہ خان، 10-09-2015؛ محترمہ نادیہ شیر صاحبہ، 10-09-2015؛ جناب راجہ فیصل زمان صاحب، 10-09-2015؛ محترمہ دینا ناز صاحبہ، 10-09-2015 و 11-09-2015؛ جناب فریڈرک عظیم صاحب، ایم پی اے 10-09-2015؛ منظور ہیں جی؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب سپیکر: اور یہ کچھ اور بھی، محترمہ رومانہ جلیل صاحبہ پورے اجلاس کیلئے اور فوزیہ بی بی 10 تاریخ کیلئے، منظور ہیں جی؟

(تحریک منظور کی گئی)

مسئلہ استحقاق

Mr. Speaker: Mr. Fazal Elahi, MPA, to please move his Privilege Motion No. 73.

جناب فضل الہیٰ (پارلیمانی سیکرٹری برائے ماحولیات): شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! میں آپ کی توجہ ایک اہم اور فوری نوعیت کے مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ ہے کہ مورخہ 02 ستمبر 2015 کو میں نے شاہ پور پولیس سٹیشن کے انچارج فضل اکبر خان سے فون پر حافظ ثناء اللہ ولد شیخ نظام الدین کی غیر قانونی حراست کے حوالے سے بات کی، تھانے کے انچارج فضل اکبر خٹک نے انتہائی گستاخانہ انداز میں اور میرے ساتھ کافی بدتمیزی میں جو بات کی ہے، جو سیکشن 25۔۔۔۔۔

(اس مرحلہ پر رکن اسمبلی، جناب ضیاء اللہ آفریدی پروڈکشن آرڈر کے تحت ایوان میں تشریف لے آئے)

(تالیاں)

پارلیمانی سیکرٹری برائے ماحولیات: کے شیڈول، سیریل نمبر 28 کے تحت تحریک استحقاق کے زمرے میں آتا ہے، لہذا میرے اس استحقاق کو کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔

جناب سپیکر: لاء منسٹر، لاء منسٹر پلیز۔

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون): ٹھیک ہے جی، ہاؤس کو Put کر دیں۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the Privilege Motion, moved by the honourable Member, may be referred to the Privilege Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it.

قراردادیں

Mr. Speaker: Item No. 05, Syed Jafar Shah, MPA, to please move his resolution No. 606, in the House.

جناب جعفر شاہ: تھینک یو، جناب سپیکر۔ یہ قرارداد ہے: بالائی سوات میں سال 2010 کے سیلاب کی وجہ سے مدین، بحرین اور کالام میں ٹیلیفون لائن کا نظام تباہ ہو چکا ہے، کافی عرصہ گزرنے کے باوجود ٹیلیفون لائن کا نظام تاحال بحال نہیں ہو سکا اور عوام کو سخت تکالیف کا سامنا ہے، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ بالائی سوات کے علاقوں مدین، بحرین اور کالام میں ٹیلیفون لائنوں کا سسٹم بحال کیا جائے۔ شکریہ جی۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the resolution, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is adopted unanimously. Madam Uzma Khan, MPA to please move her resolution No. 643, not present, lapsed. Mr. Saleem Khan, MPA. Syed Sardar Hussain Shah.

جناب سلیم خان: چونکہ ضلع چترال میں گولن گول کے مقام پر 106 میگاواٹ کا ایک بجلی گھر زیر تعمیر ہے اور اپنی تکمیل کے آخری مرحلے میں ہے اور مزید بھی نئے بجلی گھر بنانے کے منصوبے منظور ہو چکے ہیں، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ چترال کے عوام کو لوڈشیڈنگ سے نجات دلانے کی خاطر اور ضروریات کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے چترال

کے اندر ہی واپڈا کا گرڈ سٹیشن بنایا جائے اور مذکورہ گرڈ سٹیشن سے ہی 30 میگاواٹ بجلی رعایتی نرخ پر ضلع چترال کے عوام کو دی جائے۔

<u>جناب سپیکر</u>: لاء منسٹر۔

<u>Minister for Law</u>: Agreed.

<u>Mr. Speaker</u>: Okay. The motion before the House is that the resolution, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker</u>: The 'Ayes' have it. The resolution is adopted unanimously. Nawabzada Wali Muhammad, Nawabzada Wali Muhammad Sahib, please.

<u>نوابزادہ ولی محمد خان</u>: ډیرہ مهربانی جی۔ جناب سپیکر صاحب! قرارداد نمبر 620: چونکہ صوبہ خیبر پختونخوا میں کوہستان، بٹگرام، تورغر اور شانگلہ کے اضلاع تعلیمی لحاظ سے بہت پسماندہ اضلاع ہیں اور تعلیمی اداروں کی کمی کی وجہ سے شرح تعلیم بھی کم ہے، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ ضلع کوہستان، شانگلہ، بٹگرام اور تورغر پر مشتمل صوبائی پبلک سروس کمیشن میں ایک زون نمبر 6 کا قیام عمل میں لایا جائے اور اس کیلئے تمام ضروری اقدامات اٹھائے جائیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: لاء منسٹر!

<u>Minister for Law:</u> Agreed.

<u>Mr. Speaker:</u> Agreed?

<u>وزیر قانون</u>: جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: اچھا جی۔ مفتی جانان صاحب۔ آپ نے تو بہت بڑا Favour دے دیا (مداخلت)

ہاں جی؟ اچھا۔

<u>مفتی سید جانان</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

<u>جناب سپیکر</u>: یہ آپ پڑھ لیں، جی جی۔

<u>مفتی سید جانان</u>: جناب سپیکر صاحب! ستاسو توجه، د دې ایون توجه یو اهمې مسئلې طرف ته اړول غواړم-----

<u>جناب سپیکر</u>: اچھا یہ چلو، یہ میں ہاؤس کے سامنے لاتا ہوں، اس کے بعد مفتی صاحب۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the resolution, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is adopted unanimously. لاء منسٹر صاحب! آپ نے بہت بڑی مہربانی کر دی آپ نے۔

غیر سرکاری مسودہ قانون (دوسری ترمیم) بابت خیبر پختونخوا معلومات تک رسائی کا زیر غور لایا جانا

جناب سپیکر: آئٹم نمبر 7: مسٹر شوکت علی یوسفزئی، ایم پی اے۔

Mr. Shaukat Ali Yousafzai: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ Mr. Speaker, I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Right to Information (Second Amendment) Bill, 2015 may be taken into consideration at once.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Right to Information (Second Amendment) Bill, 2015 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it.

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر صاحب! یو منټ۔

جناب سپیکر: جی، د دې نه پس تا له درکوم۔۔۔۔

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: چلو وہ Explain ہو جائے گا جی، Passage Stage۔۔۔۔۔

جناب جعفر شاہ: یہ Explain تو کم از کم کریں۔

جناب سپیکر: آپ اس کا امتحان لے رہے ہیں۔ جی جی۔

جناب شوکت علی یوسفزئی: نه دې ملګرى تپوس اوکړو نو زه به ورته اووايم چې دا۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جی، آپ اس طرف دیکھیں، پلیز۔

جناب شوکت علی یوسفزئی: جی جی۔ جناب سپیکر! چونکہ رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ بنا تھا اسلئے کہ جہاں بھی Public money use ہوتی ہے، جہاں بھی کوئی فیصلے ہوتے ہیں تو یہ پبلک کیلئے اوپن کرنا چاہتے تھے اور اس کا مقصد یہ تھا کہ ہر ادارے کے اندر شفافیت آجائے، بعد میں جب ایک امنڈمنٹ آگئی کہ اسمبلی کو اس سے مستثنیٰ کر دیا گیا تو اس پہ پھر بعد میں فیصلہ ہوا کہ نہیں اسمبلی کو بھی اگر کوئی رسائی چاہتا ہے کہ اسمبلی کے حوالے سے کوئی معلومات حاصل کرنا چاہتا ہے تو وہ معلومات اس کو ملنے چاہئیں۔ تو یہ امنڈمنٹ اسلئے لائی جارہی ہے اور یہ میں پہلے پیش کر چکا ہوں، دو دن پہلے اس کیلئے اور آج چونکہ صرف اس سٹیج پہ ہے کہ وہ پاس کرنے کا سٹیج آگیا، اس میں یہ مقصد ہے کہ اسمبلی بھی رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ میں شامل ہو گئی ہے اور اگر کوئی چاہے کہ اس اسمبلی کے بارے میں معلومات حاصل کرنا چاہے تو اس کیلئے بھی کوئی رکاوٹ نہیں ہو گی۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر! میں ایک بات کرنا چاہتی ہوں۔

جناب سپیکر: جی میڈم نگہت اورکزئی۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! اسمبلی کے بارے میں میرا خیال ہے کہ یہ ارکان اسمبلی یا کسی بھی، ہمارے تین کروڑ عوام کی طرف سے کسی کا بھی مطالبہ نہیں ہے، یہ دراصل آپ کے چیئرمین عمران خان صاحب نے کہا ہے تو اسی لئے جب پاس ہو جاتا ہے اور اس کے بعد پھر آپ لوگ اس کو Include کر دیتے ہیں، مجھے بتا دیں کہ اگر آپ کے پاس کوئی Applications آئی ہوں کہ اسمبلی کو اس سے Exempt نہ کیا جائے، Exempt کیا جائے یا آپ کے پاس کوئی ایسی Complaints آئی ہوں تو مجھے اس کی تعداد بھی بتا دیں۔ سر! یہ ایک August House ہے، آج تک ہم نے نہیں دیکھا کہ یہ اسمبلی جو ہے تو اس کو لوگوں کے، معلومات کی اس تک آپ کر دیں، باقی سارے محکمے کر لیں، یہاں پہ تو نہ کوئی فنڈ ہے، یہاں پہ تو نہ کوئی ایسی بات ہے، یہاں پہ تو ہم جو بات کرتے ہیں، وہ سارا میڈیا یا پریس گیلری میں بیٹھا ہوا ہے اور وہ اس کو نوٹ کر رہا ہوتا ہے، تو آپ اس کو کیسے Exempt کرنے کیلئے، سوائے اس کے کہ آپ کا لیڈر صاحب یہ بات کر رہے ہیں، تو لوگوں کے نام نہ لیں، یہ صاف کہہ دیں کہ ہم اسلئے کر رہے ہیں کہ عمران صاحب کا ہمیں حکم ملا ہے اور اسلئے تو ہم آپ کے ساتھ، چونکہ آپ میجارٹی میں ہیں تو آپ کا یہ پاس ہو جائے گا But I am not agree with this۔

Mr. Speaker: Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clauses 1 and 2 of the Bill, therefore, the

question before the House is that Clauses 1 and 2 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes'.
Members: Yes.
Mr. Speaker: And those who are against it may say 'No'.
Members: No.

جناب سپیکر: ایک منٹ، ذرا کاؤنٹنگ کرتے ہیں، اس کے بعد۔ اچھا جو اس کے Favour میں ہیں، وہ ہاتھ اٹھائیں، کاؤنٹ کر لیں اس کو، بلکہ کھڑے ہو جائیں تو اچھا ہے، کھڑے ہو جائیں۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب سپیکر: ہاں 44۔ یہ دوسرے گنیں۔۔۔۔۔

(قطع کلامی / شور)

جناب سپیکر: آپ بیٹھ جائیں جی، آپ بیٹھ جائیں۔ آپ اٹھ جائیں جی جو اس کے مخالف ہیں، وہ اٹھ جائیں تاکہ پتہ، حاضری۔۔۔۔۔

(قطع کلامی / شور)

جناب سپیکر: جی، جو اس۔۔۔۔۔

(قطع کلامی / شور)

جناب سپیکر: جی جی۔۔۔۔۔

(قطع کلامی / شور)

Mr. Speaker: Agreed, majority۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! یہ کسی کا بھی مطالبہ نہیں ہے اور کسی پارٹی کا بھی نہیں ہے۔ جناب سپیکر صاحب! میں اس میں، جناب سپیکر! اس کو دیکھیں، بات یہ ہے کہ مجھے اپنے عوام سے کوئی، مطلب مجھے بات نہیں پہنچی ہے، میں اس بات پہ Agree نہیں ہوں حالانکہ یہ جائے گا، تو To be very frank یہ ان لوگوں کے خلاف جائے گا جو کہ اسمبلی کے کرتا دھرتا ہیں اور ظاہر ہے عمران خان صاحب نے کوئی سوچ کے ہی کہا ہوگا کہ اس کو Exempt نہ کیا جائے کیونکہ میرا تو یہاں پہ یہی کام ہے کہ میں آؤں گی، یہاں پہ اپنی حاضری لگاؤں گی اور میری حاضری لگے گی اور میرا جو بھی یہاں پہ ہے، وہ ساری ٹرانسپرنسی جو ہے، تو وہ پریس گیلری میں لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، وہ میرا احساب کتاب، احتساب کریں گے۔ جناب سپیکر صاحب! بات یہ ہے کہ اگر ہر چیز جو ہے، وہ عوام کیلئے اوپن کر دیتے ہیں کہ جی آپ آئیں اور آپ

حاضری، اس میں یہ ہو گا کہ یہ ایک معزز ایوان ہے، ایوان کا کچھ تقدس ہوتا ہے، یہ میری ذاتی رائے ہے، ہو سکتا ہے اور بالکل یہ ہو گا کہ میرا پارلیمانی لیڈر میرے ساتھ شاید متفق نہ ہوں اور وہ متفق نہیں ہیں، یہ میری پارٹی کا بھی فیصلہ نہیں ہے اور یہ اپوزیشن کا بھی فیصلہ نہیں ہے، یہ نگہت اور کزئی کا Individually فیصلہ ہے۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی منور خان۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: اس کے بعد آپ کو موقع دیں گے۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر! تھینک یو۔ جناب سپیکر، جب یہ بل پاس ہو رہا تھا اور اسمبلی کو Exempt کیا گیا تو میڈیا میں میرے خیال میں شاید یہاں پہ جتنے ایم پی ایز بیٹھے ہیں، اسی کو Condemn کر رہے تھے کہ یار اپنے رائٹ ٹو انفارمیشن تو باقی صوبے میں تو لاگو کر رہے ہیں لیکن اپنی اسمبلی کو انہوں نے اس سے نکالا ہے، آخر کیوں؟ تو اسی پریشر پر میرے خیال میں انہوں نے اب یہ سوچا ہو گا۔ واقعی اگر اسمبلی میں ہم دوسروں کو تو رائٹ ٹو انفارمیشن کی تو وہ دیتے ہیں لیکن اپنی اسمبلی میں ان کو اجازت نہ دینا کہ ہم بالکل ایسے ہیں کہ ہمارا کوئی احتساب نہ کرے، ہمارا کوئی پوچھے نا، ہمارا یہاں پر ریکارڈ ہے، وہ کوئی نہ لے تو میں اس کو سپورٹ کرتا ہوں سر! اور جس طرح میڈم ہیں لیکن اس کا اپنا وہ ہے لیکن میں اس کو سپورٹ کرتا ہوں۔ تھینک یو سر۔

جناب سپیکر: جی سردار حسین خان۔

جناب سردار حسین: شکریه سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، زما دا خیال دے چې ما خو وختی نه هم دا ریکویسټ کولو او بیا مونږ تاسو ته هم ریکویسټ کوؤ او هاؤس ته هم ریکویسټ کوؤ چې لیجسلیشن پراسیس داسې دے چې دا ډیر زیات په استقامت سره کول پکار وی۔ رائټ ټو انفارمیشن 'بل' چې کله دلته راغے، په هغه وخت کښې هم مونږ دا ریکویسټ کړے وو چې کلاز وائز که دا په هاؤس کښې ډیر په تفصیل سره د هغې وضاحت کیږی نو زما یقین دا دے چې دا کنفیوژن چې دے، دا به نه پیدا کیږی۔ ډیره زیاته ښه خبره ده، ډیره زیاته غوره خبره ده چې رائټ ټو انفارمیشن راغے، بیا چې دا امنډمنټ کله راغے چې

اسمبلی د دې نه Exempt شوه، په کوم انداز باندې، په کومه طریقه باندې چې دا په دې هاؤس کښې بلډوز شو، زه دا گڼړم سپیکر صاحب! چې دا خو زمونږ د ټول هاؤس استحقاق چې دے هغه مجروحه شو۔ نن زما یقین دا دے چې زمونږ د هغې مؤقف تقلید په دې وخت کښې پخپله کیږی چې د حکومت د طرف نه دا امنډمنټ راوړے شی چې دا Exempt شوه، نن د حکومت بیا مونږ شکریه ادا کوؤ چې هغه امنډمنټ ئے راوړو چې نه اسمبلی چې ده، هغه به د رائټ ټو انفارمیشن حصه وی۔ که نن مونږ بیا هم اوگورو په دومره تیزئ بیا په هغې باندې کار روان دے چې دلته کنفیوژن Create شو، نن بعضې ممبران اوس هم په دې خبره شاید چې نه وی پوهه، ځکه هغوی مخالفت اوکړو، مونږ خو دا خبره کوؤ چې هغه اسمبلی، هغه هاؤس چې هغه به د ټولې صوبې د پاره قانون سازی کوی او مونږ ځان د هغې نه مبراء کړو، په دیکښې خو مونږ ته هډو Logic نه ښکاری، نو مونږ شکریه ادا کوؤ که په دې باندې عمران صاحب نوټس اخستے نو هم ئے مونږه شکریه ادا کوؤ، نه ده پکار چې مونږ په تیزئ کښې، په عجلت کښې مونږ په بلډوزنګ طریقې باندې قانون سازی کوؤ۔زما یقین دا دے نن یو قانون جوړوؤ، سبا پکښې امنډمنټ راوړو او په قانون کښې هر وخت د ښه والی گنجائش وی خو دومره زر مونږ دا گڼړو چې دا په بدنیتئ باندې کیږی، لهذا مونږ بالکل د دې ملګریتا کوؤ چې اسمبلی چې ده، هغه د رائټ ټو انفارمیشن حصه پکار ده، لهذا مونږ د دې امنډمنټ ملګرتیا کوؤ۔

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 1 and 2 stand part of the Bill. Long Title and Preamble also stand part of the Bill.

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی، نلوٹھا صاحب۔ جی، نلوٹھا صاحب، اورنگزیب نلوٹھا۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سر۔

جناب سپیکر: بسم اللہ جی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! حکومت پہلے بل لے آتی ہے، سوچتی بعد میں ہے (قہقہے) مہربانی کر کے سوچ سمجھ کے کوئی فیصلہ کیا کریں اور یقیناً یہ جو امنڈمنٹس لائی گئی ہیں، میں نے جناب سپیکر صاحب! خود بھی پریس میں اس کے اوپر اپنے Comments دیئے تھے کہ صوبائی اسمبلی

کو بھی اس میں ضرور شامل کیا جائے اور ممبران اسمبلی کو بھی شامل کیا جائے تاکہ انہیں بھی، عوام کو یہ پتہ چلے، وہ یہ سمجھیں کہ ممبران اسمبلی کو اس میں سے نکال دیا گیا ہے یا صوبائی اسمبلی کو، پتہ نہیں وہ کتنا، کتنا وہ مال لوٹتے ہیں اور عوام تک یہ حقائق پہنچنے چاہئیں اور اسلئے یہ صوبائی اسمبلی کو جو شامل کیا گیا، میں سمجھتا ہوں کہ بہتر فیصلہ ہے اور اس کی ہم سب کو تائید کرنا چاہیئے۔

غیر سرکاری مسودہ قانون (دوسری ترمیم) بابت خیبر پختونخوا معلومات تک رسائی کا پاس کیا جانا

<u>Mr. Speaker</u>: ‘Passage Stage’: Shaukat Yusafzai, please.

<u>جناب شوکت علی یوسفزئی</u>: جناب سپیکر! میں شکریہ ادا کرتا ہوں ان کا کہ جو انہوں نے حمایت کی، اس میں بدنیتی کی کوئی بات نہیں ہے کیونکہ اچھی نیت سے ہوا ہے اور ہم بیٹھے اسلئے ہیں کہ اگر کوئی غلطی بھی ہو جائے، اگر اس کو سدھارنے کی کوشش کی جائے تو میرے خیال سے Appreciate کیا جانا چاہیئے۔

Mr. Speaker, I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Rights to Information (Second Amendment) Bill, 2015 may be passed.

<u>Mr. Speaker</u>: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Right to Information (Second Amendment) Bill, 2015 may be passed? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say’ No’.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker</u>: The ‘Ayes’ have it. The Bill is passed.

(Applause)

<u>Mr. Speaker</u>: Item No. 8-----

(Interruption)

<u>جناب سپیکر</u>: بس یہ آخری آئٹم ہے، اس کے بعد میں آپ کو پوری ڈیٹیل سے موقع دیتا ہوں جی۔ آئٹم نمبر 8، میڈم آمنہ سردار۔ جی یہ ضیاء اللہ کے بعد آپ کو موقع دیں گے۔

<u>محترمہ آمنہ سردار</u>: شکریہ جناب سپیکر! اگر آپ مجھے ایک منٹ کی اجازت دے دیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: پلیز، آپ جو ہے وہ پڑھ لیں۔

<u>محترمہ آمنہ سردار</u>: سر! میں صرف 30 سیکنڈ لوں گی، میں آر ٹی آئی کی جو سلیکٹ کمیٹی تھی، میں اس کا حصہ تھی۔ سر! پلیز-----

<u>جناب سپیکر</u>: جو Topic ہے، پلیز اس پہ آئیں، پلیز۔

محترمہ آمنہ سردار: اچھا سر۔ تو سر! یہ ہم نے اس وقت حمایت کی تھی اس بات کی کہ یہ Exempt نہیں ہونا چاہیئے۔

صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کے قواعد، انضباط وطریقہ کار مجریہ 1988 میں ترامیم کا مسودہ ایوان میں متعارف کرانے کیلئے اجازت کا طلب کیا جانا

Ms: Aamna Sardar: I intend to move for leave under rule 247 to propose amendments in the Provincial Assembly Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988. Thank you

Mr. Speaker: The motion before the House is that leave may be granted to the honourable Member, to introduce amendments in the Rules of Procedure, 1988? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The leave is granted.

اسمبلی کے قواعد، انضباط وطریقہ کار مجریہ 1988 میں ترامیم کا مسودہ مجلس قائمہ برائے صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کے قواعد، انضباط وطریقہ کار، استحقاقات وحکومتی یقین دہانیاں، کے سپرد کیا جانا

Mr. Speaker: Item No. 9. Madam Aamna Sardar.

Ms: Aamna Sardar: Thank you, Speaker Sahib. I intend to move under rule 248 that the proposed draft amendments in the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988 may be referred to the concerned Committee.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the amendments moved by the honourable Member, in the Rules of Procedure, 1988 may be referred to the concerned Standing Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The amendments are referred to the Standing Committee on Procedure and Conduct of Business Rules, Privileges and Government Assurances. Ziaullah Khan-----

(Interruption)

جناب سپیکر: وہ اس کے بعد کر لیں گے، وہ اس کے بعد کر لیں گے، اس کے بعد۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر! میں ایک پوائنٹ آف آرڈر پہ بات کرنا چاہتی ہوں۔

جناب سپیکر: وہ میں کرتا ہوں جی، یہ Personal explanation دے دیں، اس کے بعد میں آپ کو موقع دیتا ہوں نا جی، اس کے بعد میں آپ کو موقع دیتا ہوں۔ چلو ضیاء خان نے آپ کو موقع دے دیا، میڈم! آپ بات کر لیں چلو۔

محترمہ نگہت اورکزئی: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔

جناب سپیکر: موقع دیں گے، پورا ٹائم ہے، ضیاء اللہ خان کے بعد آپ کو بھی موقع دیں گے، فکر نہ کریں۔ جب تک آپ تقریر نہ کریں، میں اسمبلی کو برخاست نہیں کروں گا، فکر نہ کریں۔ جی میڈم صاحبہ!

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! ضیاء اللہ صاحب کو، ہم لوگ اپنے بھائی کو یہاں پہ ویلکم بھی کرتے ہیں کہ وہ آج آپ کی کوششوں سے یہاں پہ آئے ہیں اور اپنا پوائنٹ، اپنا نقطہ نظر بھی بیان کریں گے، ہم ان کو ویلکم کرتے ہیں۔ جناب سپیکر! میں نے آپ سے ایک ریکویسٹ یہ کی تھی کہ بہت Important مسئلہ ہے اور جب یہ کراچی میں دو ہمارے صحافی نجی چینل کے جن کی ٹارگٹ کلنگ ہوئی ہے اور پشاور میں جو کہ ایک ٹی وی کی جو ایک پروڈیوسر ہے، ان کی ٹارگٹ کلنگ ہوئی ہے، جناب سپیکر! میں اس پہ آپ سے درخواست کروں گی کہ ایک ایسی قرارداد کیونکہ یہ اسمبلی میں نے کہا کہ آپ کی سربراہی میں ایسے ایسے ایشوز کو لیکر آتی ہے کہ جو کسی اور اسمبلی میں نہیں اٹھائے جاتے ہیں، تو کے پی کے کی تمام اپوزیشن کو ٹریژری بنچز کو یہ ایک کریڈٹ جاتا ہے کہ ہم وہ تمام ایشوز یہاں پہ لاتے ہیں اور ان کو ہم زیر غور لاتے ہیں، پھر اگر ضرورت پڑتی ہے تو قرارداد لاتے ہیں، میں آپ سے یہ درخواست کروں گی کہ یہ ساری اسمبلی جو ہے خیبرپختونخوا کی، اور اس کے جو لوگ ہیں، وہ اس ٹارگٹ کلنگ کی پرزور مذمت کرتے ہیں اور اس کے بارے میں اگر ایک قرارداد لائی جائے جس میں کہ یہ مطالبہ کیا جائے فیڈرل گورنمنٹ سے کہ وہ صحافیوں کے تحفظ کا بل فی الفور قومی اسمبلی میں، کیونکہ فورم وہی ہے، سینیٹ ہے اور قومی اسمبلی ہے، اگر اس میں یہ بل لایا جائے اور اس کو پاس کیا جائے تاکہ صحافیوں کو آج جس طریقے سے ان کی صحیح رپورٹنگ پہ جو ان کو ٹارگٹ کیا جا رہا ہے، تو جناب سپیکر صاحب! یہ میری پارٹی پاکستان پیپلز پارٹی اور تمام ہاؤس جو ہے، وہ اس کی پرزور مذمت کرتے ہیں اور آپ سے یہ درخواست کرتے ہیں کہ آپ ہمیں اجازت دیں کہ ہم اس کیلئے

قرارداد لیکر آئیں اور مرکزی حکومت سے یہ مطالبہ کریں، تمام پارلیمانی لیڈرز اگر اس پہ متفق ہوں تاکہ وہاں پہ یہ صحافیوں کے تحفظ کا بل فی الفور لایا جائے اور اس کو منظور کیا جائے۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: یہ جوائنٹ ریزولیوشن آپ پیش کریں، جوائنٹ ریزولیوشن بنا کے پھر پیش کریں۔ میں ضیاء اللہ خان کو موقع دیتا ہوں اس کے بعد آپ کو بخت بیدار صاحب اور مولانا صاحب! اس کے بعد آپ بات کر لیں گے۔ ضیاء اللہ خان، پلیز۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: ضیاء اللہ خان، پلیز۔

ذاتی وضاحت

جناب ضیاء اللہ آفریدی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ میں سب سے پہلے اپوزیشن کے ممبران، مولانا لطف الرحمان صاحب، اپوزیشن لیڈر، بابک صاحب، نلوٹھا صاحب، باچا صاحب اور ان کے جتنے بھی پارٹی کے اراکین کا اور میری بہنوں کا خصوصی طور پر مشکور ہوں، تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے پروڈکشن آرڈر جاری کرنے میں اہم Role ادا کیا اور آج اگر میں Produce ہوا ہوں تو اس میں جناب سپیکر صاحب کا کوئی Role نہیں ہے۔ نگہت میڈم! یہ آپ لوگوں کی وجہ سے آج میں مخاطب ہوں۔ (تالیاں) ساتھ ساتھ جو ممبران اسمبلی اپوزیشن والے میری ملاقات کیلئے کسٹڈی میں مجھے ملنے کیلئے آئے، میری پیشی کے موقع پر آئے، ان کا بھی تہہ دل سے مشکور ہوں، پیغامات جو مجھے بھیجے گئے ہیں، میرے گھر پہ تشریف لائے، خصوصاً میری پارٹی کے ارباب جہانداد صاحب، میرے بڑے بھائی امجد آفریدی اور سمیع وغیرہ جو ہیں، ان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں۔ مجھ پہ الزام ہے، میں ابھی مجرم نہیں ہوں، میں پارٹی کارکنان، ضلع پشاور کے شہری، علماء، ڈاکٹرز، انجینئرز، طلباء، آئی ایس یف، یوتھ پارٹی ورکرز، سب کا تہہ دل سے مشکور ہوں جنہوں نے اس 60/61 دن میں میرے لئے جو دعائیں کیں، گھر گھر میرے لئے ختم قران کئے، میری فیملی کے ساتھ ہمدردی کی، میرے حوصلے بلند کئے، میں ان کا اگر ہزار بار، لامتناعی بار شکریہ ادا کروں تو وہ بھی کم ہے۔ میں اپنے ضلع پشاور کے منتخب ناظمین جو کہ اللہ کے فضل سے میرے، میں نے Nominate کئے تھے، میں فخر کرتا ہوں، ارباب عاصم، قاسم شاہ، ارباب محمد علی، ان کے ساتھ وہاب، فرید خان، ان کے نائب ناظم اور ٹاؤن ون کے ندیم اور شعیب بنگش کو بھی تہہ دل سے مبارکباد پیش کرتا ہوں اور یہ میرے لئے، پارٹی کیلئے جو میں نے قربانی کی

تھی، وہی صلہ ہے جو اللہ کے فضل سے پشاور پہ آج وہی ناظمین آ گئے ہیں جو میرے Recommended تھے۔ (تالیاں) ساتھ ساتھ جناب سپیکر صاحب! پروڈکشن جاری کرنا آپ کا اختیار تھا اور یہ صرف ضیاء اللہ آفریدی کیلئے نہیں تھا، یہ جتنے بھی بیٹھے ہیں Including آپ، آپ بھی ضیاء اللہ آفریدی ہیں، یہ وقت آپ پر بھی آ سکتا ہے اور میرے جتنے بھائی ہیں، ان پہ بھی آ سکتا ہے، تو آپ کے جو اختیارات تھے، کسی کے ڈائریکشنز تھے جو آپ مجھے پیغامات بھی بھیج رہے تھے اور آج بھی اخبار میں خبر لگی ہے 'ڈان' میں اور میڈیا والوں نے بھی مجھ سے پوچھا ہے کہ آپ Condition پہ آئے ہیں، تو میں کسی Condition پہ نہیں آیا ہوں، پہلے بھی میرے پارٹی کارکنان کو، میرے Colleagues کو پتہ ہے، میں Straightforward ہوں، منافق نہیں ہوں، حق سچ بات کروں گا، نہ مجھے کوئی منع کر سکتا ہے اور نہ میرا منہ بند کر سکتا ہے خواہ اگر وہ عمران خان بھی غلطی کرے، میں اس کے خلاف بھی بولوں گا یا جو بھی ہو، تو میں کسی Condition پہ آج نہیں آیا ہوں، یہ میرے اپوزیشن کے بھائیوں کا کردار تھا جو مجھے ان کے مطالبے پہ Produce کر کے آج میں ادھر حاضر ہوا ہوں، لہذا میڈیا والے! یہ آپ جو سوالات اٹھا رہے ہیں کہ Condition ہے، کوئی Condition نہیں ہے، میں آج بولوں گا، حقیقت بتاؤں گا۔ میں اپنے کیس کے حوالے سے پورے صوبے کے عوام کو، ایوان کو، جو میرے ساتھ ہوا ہے، ان Evidences کے ساتھ جو ایک بھرا بیگ اور چند فائل میرے پاس، ان شاء اللہ وتعالیٰ ابھی آپ لوگوں کو، کچھ آج کچھ بعد میں وقفے وقفے سے ان شاء اللہ وتعالیٰ سب Evidences کیونکہ مجھے اس صوبے کے (لوگوں) خصوصاً پشاور کے عوام نے مجھے منتخب کیا ہوا ہے اور ان کو اور اس ایوان کو جوابدہ ہونا ضروری ہے، میں ان کو جوابدہ ہوں کہ میں ان کو، میرے اوپر جو الزامات ہیں، میں ان کو Explain کروں کہ یہ حقیقت ہے کہ سازش ہے؟ اس کے علاوہ جی اس ایوان نے اور میری پارٹی نے اور میرے قائد جناب عمران خان نے میرے اوپر جو ذمہ داری سونپی تھی، اللہ کے فضل سے میں نے اپنے خلوص نیت سے، ایمانداری سے اور اپنی محنت سے اپنے محکمے میں جو کردار ادا کیا ہے، وہ کسی سے ڈھکا چھپا نہیں ہے اور اس کی میں ان شاء اللہ ابھی چند مثالیں بھی آپ لوگوں کو دوں گا اور میں ان مقدمات کو اس ملک کے قوانین کے مطابق اور اس ملک کی عدالتوں جن پر میرا بھرپور اعتماد ہے، میں Face کروں گا اور ان شاء اللہ تعالیٰ سرخرو ہوں گا اور مجھے یقین ہے کہ جو سازش میرے خلاف اور میری پارٹی کے خلاف کی گئی ہے، وہ ان شاء اللہ تعالیٰ میں بے نقاب کروں گا اور میرے ساتھ چند دنوں میں جو امتیازی سلوک ہو رہا ہے جس طرح ابھی میں نے سپیکر صاحب

سے اور میرے دوستوں سے بات کی کہ مجھے ہسپتال سے زبردستی ڈسچارج کیا گیا ہے، کہتے ہیں کہ یہ شہرام صاحب کا حکم ہے کہ اس کو اور نہ رکھو، ساتھ ساتھ میرے خلاف امنڈمنٹ لائی گئی ایمرجنسی میں احتساب کمیشن میں، کیونکہ مجھے زبردستی پھنسانا چاہتے تھے اور کر رہے ہیں، اسلئے کہ ان کو تکلیف ہے، میں خدمت کرتا ہوں پارٹی کیلئے، پشاور کیلئے، پشاور کے عوام کیلئے لیکن سازشیں ہو رہی ہیں پارٹی میں بھی اور پارٹی کے باہر بھی، لیکن اللہ کے فضل سے میں نے پہلے بھی ان کا مقابلہ کیا، سپیکر صاحب بھی پارلیمانی بورڈ میں تھے اور جناب چیف منسٹر بھی پارلیمانی بورڈ میں تھے، مجھے یہ لوگ ٹکٹ نہیں دے رہے تھے، مجھے میرے اللہ نے ٹکٹ دیا اور میرے قائد نے ٹکٹ دیا، میں منتخب ہو گیا، مجھے یہ وزارت نہیں دے رہے تھے، مجھے میرے اللہ نے وزارت دی اور میرے قائد نے وزارت دی، تو یہ سازشیں پہلے دن سے میرے خلاف ہو رہی ہیں اور ان شاء اللہ میں Face کرتا رہوں گا، مقابلہ کرتا رہوں گا۔ ساتھ ساتھ میں ہائی کورٹ کے چیف جسٹس سے اس فلور سے اپیل کرتا ہوں کہ صرف ضیاء اللہ آفریدی اور اس کے ڈی جی ڈاکٹر لیاقت کی ضمانت کینسل ہوتی ہے، کیوں؟ یہ امتیازی سلوک صرف ضیاء اللہ آفریدی اور ڈاکٹر لیاقت کے ساتھ ہے، جتنے بھی احتساب کورٹ کے ملزم Bail پہ رہا ہو چکے ہیں، ان کیلئے نہیں ہے، صرف ہم دونوں کیلئے ہے؟ تو میں ان سے اپیل کرتا ہوں کہ چیف جسٹس صاحب انصاف کا فیصلہ کریں اور میں سوچ رہا ہوں کہ ان سازشوں کے پیچھے کون ہے اور ان شاء اللہ تعالیٰ اللہ اس کو بے نقاب کرے گا۔ میری گرفتاری 09 جولائی کو ہوئی تھی، کرنل سیف اللہ اور میجر حسن میرے سرکاری گھر پہ آئے اور مجھے کہا کہ آپ میرے ساتھ جائیں، میں نے کہا جی کس لئے؟ کہتے ہیں کہ آپ سے کوئی انوسٹی گیشن کرنی ہے، میں نے کہا جی آپ Questionnaire بھیجیں، جو پروسیجر ہے، آپ Questionnaire بھیجیں۔ کہتے ہیں نہیں، بہرحال انہوں نے Arrest warrant مجھے دکھائے تو میں نے کہا Let's go لیکن ساتھ ساتھ میں نے ان سے پوچھا کہ آپ کے پاس سپیکر صاحب اور ہماری صوبائی حکومت سے کوئی اجازت ہے؟ تو کہتے ہیں کہ ہاں ہمیں چیف منسٹر کا حکم ہے کہ اس کو گرفتار کرو، میں نے کہا پھر تو بات ختم ہے۔ میں چلا گیا لیکن سپیکر صاحب! افسوس اس بات کا ہے کہ اسمبلی کے اجلاس میں ہوتے ہوئے میری گرفتاری اور آپ کی خاموشی، یہ بھی ایک سوال ہے۔ جب میں گرفتار ہو گیا تو اس وقت 25 سے 26 ملزم گرفتار ہو چکے تھے، I think میں ستائیسواں تھا، شام سے پہلے ایک انوسٹی گیشن آفیسر بہرام جو کہ ضلع نوشہرہ سے ہے اور چیف منسٹر کے حلقے امان کوٹ سے تعلق رکھتا ہے، وہ آتا ہے لاک اپ میں، موبائل سے فوٹو کھینچتا ہے،

میں نے کہا دوستوں سے کہ یہ کیا ہو رہا ہے؟ کہتا ہے کہ یہ تو پہلی بار ہو رہا ہے، میں نے کہا ٹھیک ہے، صبح تھانے کے محرر صاحب آتے ہیں کہ بھئی آفریدی صاحب! آپ کی کوئی فوٹو نکالی گئی ہے؟ میں نے کہا بالکل جی نکالی گئی ہے، کہتے ہیں کس نے نکالی ہے؟ میں نے کہا فلاں بندے نے۔ میں نے پوچھا تو کہتے ہیں کہ یہ ہماری روٹین ہے لیکن میرے ساتھ جو ملزم تھے، انہوں نے کہا کہ نہیں یہ پہلی دفعہ ہو رہا ہے۔ صبح میری کورٹ میں پیشی تھی، میں چلا گیا تو مجھے دوستوں نے کہا کہ آپ کی فوٹو سوشل میڈیا پہ چل رہی ہے کہ آپ لاک اپ میں بیٹھے ہیں، میں حیران ہو گیا، میں نے کہا کہ یہ آج تک، 31 ملزم میرے خیال میں ہو گئے ہوں گے، آج تک کسی بھی ملزم کی سوشل میڈیا پہ فوٹو نہیں ہے Except ضیاء اللہ آفریدی، مجھے سمجھ نہیں آ رہی کہ ضیاء اللہ آفریدی صرف سوشل میڈیا کا وہ ہے، یہ سازش صرف ضیاء اللہ آفریدی کے خلاف ہے۔ میں نے جنرل صاحب سے ریکویسٹ کی، پھر Written application کی کہ جنرل صاحب! یہ بندہ، انہوں نے سوشل میڈیا پہ، Written application میں نے دی اسی دن کہ اس کو آپ Investigate کریں، کیا احتساب ایکٹ میں یہ ہے کہ کسی کی سوشل میڈیا پہ فوٹو Upload کر کے اس کی بے عزتی کریں؟ کوئی Response نہیں، 48 دن میں نے گزارے اور روزانہ میں جنرل صاحب سے ملنے کی ریکویسٹ کر رہا تھا کہ میں اس کو بولوں کہ حقیقت کیا ہے، آپ کی ٹیم میں کچھ ایسے لوگ ہیں جو آپ کو، احتساب کمیشن کو اور پاکستان تحریک انصاف کو بدنام کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ پھر 48 دن مسلسل میں جنرل صاحب سے ریکویسٹ، آج میں پھر اس فلور پہ جنرل صاحب کو ریکویسٹ کر رہا ہوں کہ یا تو آپ باخبر ہیں اور اگر بے خبر ہیں تو آپ اپنی ٹیم کو ذرا دیکھ لیں۔ جب شہرام خان کے چچا افسر خان صاحب گرفتار ہوئے ہیں اور آ گئے تو 10 منٹ بعد جنرل صاحب کی Call آتی ہے کہ بھئی آپ کو بلا رہے ہیں، ان سے پہلے میں روزانہ ریکویسٹ کر رہا ہوں کہ میں ملوں تو افسر خان چچا تو بڑے بزرگ ہیں، 31 سال ان کا تبلیغ سے وہ ہے، میرا ان کی شخصیت پہ کوئی وہ نہیں ہے، اچھے انسان ہیں، شریف ہیں، Honest ہیں لیکن جنرل صاحب اس کو بلاتے ہیں اور ضیاء اللہ آفریدی کو نہیں بلاتے، سب سے ملتے ہیں، پہلے ملزموں سے بھی، میں ریکویسٹ کر رہا ہوں کہ جنرل صاحب! میرے ساتھ ملاقات کریں، میں آپ کو اپنا کیس Present کروں، آپ ہیڈ ہیں۔ شہرام خان کے چچا واپس آ گئے، میں نے کہا کیوں جی؟ کہتے ہیں کوئی Call آئی تھی، میں نے کہا بس ٹھیک ہے، Call آئی تھی تو میں اسلئے ملنے گیا۔ یہ میں اپنے ان دنوں کی وہ داستان اور حقیقت آپ کو بتا رہا ہوں۔ میں احتساب سے نہیں گھبراتا، میں ہر فورم پہ حساب کیلئے تیار

ہوں، اس ایوان کو بھی میں اپنا کیس Present کروں گا ان شاء اللہ تعالیٰ اور میں سپیکر صاحب سے یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ پورا ایوان بشمول منرل ڈیپارٹمنٹ کے افسران، چیف سیکرٹری صاحب، سیکرٹری لاء، آپ آرڈر کریں، جب آپ کہیں ان شاء اللہ مجھے بلائیں، میں اپنا پورا کیس Present کروں گا کہ بھئی میرے ساتھ یہ کیا ہوا اور میرا Role کیا تھا، میں نے کیا کیا ہے اور میرا Role کیا تھا؟ اور Illegal mining جو میری Arrest، Illegal mining کے کیس میں Misuse of power، تو ان شاء اللہ تعالیٰ میں اس ایوان کو بھی جوابدہ ہوں اور سپیکر صاحب سے پھر ریکویسٹ کرتا ہوں کہ جو افسران میں نے آپ کو بتائے ہیں اور ساتھ یہ ایوان، ساتھ ساتھ میری پارٹی کے منشور میں ہے احتساب، میں کبھی بھی اس کو Oppose نہیں کروں گا اور نہ اس کے خلاف ہوں لیکن احتساب انصاف کے ساتھ تذلیل کے ساتھ نہیں، بدنیتی کے ساتھ نہیں اور کیوں میں اس کو Oppose کروں، کیوں اس کے خلاف بات کروں، وہ پارٹی جس نے مجھے یہاں تک پہنچایا ہے، وہ پارٹی جس نے مجھے عزت دی ہے، میرا ایک ووٹ تھا جب الیکشن ہو رہے تھے تو پشاور میں مجھ سے بڑے بڑے لوگ ارب پتی میرے مقابلے میں تھے، خاندان والے لوگ، Politicians، میرا ایک ووٹ تھا لیکن پاکستان تحریک انصاف نے مجھے ٹکٹ دیا اور اسی پاکستان تحریک انصاف اور خان صاحب کی وجہ سے آج میں اسمبلی میں بیٹھا ہوں اور اسی نے مجھے عزت دی، وزارت دی، عزت دی تو میں کبھی بھی اپنی پارٹی کے خلاف اور اپنی پارٹی کے منشور اور جو ان کی پلاننگ ہے، جو کمیشن یا احتساب کمیشن جو بھی انہوں نے بنائے ہیں، میں کبھی بھی ان کی مخالفت نہیں کروں گا لیکن اللہ کے فضل سے میں نے بھی پارٹی کیلئے بڑی محنت کی، مجھے وہ دن بھی یاد ہے جس دن دھرنے میں ہماری پارٹی کے سینیئر رہنماء بشمول چیف منسٹر، جناب سپیکر صاحب، شاہ فرمان صاحب، عاطف خان جناح سپر (مارکیٹ) میں کھڑے تھے اور سی ایم ہمیں بلا رہے تھے کہ بھئی آپ دھرنے کیلئے لوگوں کو مت لے آؤ، یہ بھی ساتھ تھا، شاہ فرمان، عاطف، سپیکر صاحب، میرے ساتھ امجد آفریدی اور اشتیاق گواہ ہیں، اسی طرح امجد آفریدی صاحب، اشتیاق چلے گئے سیف اللہ صاحب اور سیف اللہ نیازی کو، اور خان کو کہیں کہ بھئی یہ لوگ ہمیں اس طرح باتیں کر رہے ہیں کہ آپ دھرنے کیلئے لوگ مت لے آئیں، تو باوجود یہ کہ میں پشاور سے ہزاروں کارکن لے کر جا رہا تھا، اشتیاق نے سیف اللہ نیازی کے نوٹس میں بات لائی، خان صاحب کو کہا ہے کہ بھئی اس طرح باتیں ہو رہی ہیں، یہ کیا چکر ہے؟ یہ وہ پاکستان تحریک انصاف کے کارکنان ہیں، جیالے ہیں جن کو نظریاتی کارکن کہتے ہیں اور خان صاحب کو پتہ ہے ان باتوں کا کہ کس نے

منع کیا تھا، خان صاحب! میں آپ سے ریکویسٹ کرتا ہوں اس فلور سے، آپ کو سب چیزوں کا پتہ بھی تھا اور میں اس فلور سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ آپ، (جناب شاہ فرمان سے) میرے خیال میں خان صاحب باہر ہیں شاہ فرمان صاحب؟ آپ ملک آ کر Priority میں، میں آپ سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ میرا کیس آپ کی پارٹی کیلئے، میرے لئے اور اس صوبے کی حکومت کیلئے Important کیس ہے، آپ سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ کور کمیٹی کا اجلاس بلائیں اور اسی اسمبلی میں کیونکہ میری مجبوری ہے، میں ملزم ہوں، میں جیل میں ہوں، آپ پورے پاکستان کی کور کمیٹی بشمول پشاور ٹاؤن ون کے ڈسٹرکٹ اور ٹاؤن ممبران چند مشہور صحافی جن میں سے سلیم صافی As a special guest، رؤف کلاسرا، انصار عباسی، جاوید چوہدری، رحیم اللہ یوسفزئی، اسماعیل اور چند سینیئر صحافی وہ بھی موجود ہوں تاکہ میں اپنا سارا کیس Present کروں اور یہ میں آپ سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ خان صاحب! آپ نے کور کمیٹی کا اجلاس اس اسمبلی میں بلانا ہے اور جو نام میں نے لیے ہیں سینیئر صحافیوں کے، پشاور ٹاؤن ون سے ڈسٹرکٹ اور ٹاؤن ممبران اور اس کور کمیٹی میں چیف منسٹر صاحب نہیں بیٹھیں گے، میں اپنا کیس کور کمیٹی میں Present کروں گا، میں نے کور کمیٹی میں، پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی میں ججز بھی ہیں، شاہ فرمان صاحب شتہ پکبنی، بیوروکریٹس بھی ہیں، ایکسپرٹ لوگ بھی ہیں، اگر اس کور کمیٹی نے مجھے ملزم ثابت کر دیا تو اسی دن میں پاکستان تحریک انصاف اور اس سیٹ سے مستعفی ہونے کا اعلان کروں گا ان شاء اللہ تعالیٰ لیکن اگر وہ کیس ان تینوں جو اس میں بیٹھے ہوتے ہیں، انہوں نے کہا کہ بھئی آپ نہیں ہیں تو پھر میرا مطالبہ بھی ان شاء اللہ تعالیٰ خان صاحب! آپ مانیں گے۔ جس طرح میں نے کہا کہ گرفتاری 09 جولائی کو Warrant of arrest, illegal mining اور Misuse of power، دو سال میرے تقریباً منسٹری کے ہو گئے ہیں، مجھے سمجھ نہیں آ رہا ہے کہ Misuse of power میں نے تین چار فائلیں کی ہیں، وہ بھی انکوائری کی اور دو مہینے ہو گئے کہ بھئی جب میں گرفتار ہوا تو بھئی کل خبر پڑھی تھی اخبار میں کہ 42 ارب روپے کا وہ ہے، تو افسوس کی بات یہ ہے کہ بھئی 30 سال میں منرل ڈیپارٹمنٹ کی ریونیو اگر آپ دیکھ لیں تو پورے صوبے کا بجٹ میرے خیال میں 42 ارب روپے نہیں ہے تو مجھ پہ الزام لگایا ہے کہ 42 ارب روپے کی کرپشن، حالانکہ ہمارے منرل ڈیپارٹمنٹ کی Annual revenue target 30 / 35 کروڑ ہے لیکن دو سال میں میں نے پچھلے پہلے سال میں ٹارگٹ تھی 630 ملین اور میں نے 780 ملین Achieve کی تھی جی، بہر حال 42 ارب اور یہ الزامات تو لگتے رہتے ہیں لیکن

